The Electoral Commission Y Comisiwn Etholiadol

ویلز کے مقامی حکومت کے 2022 کے انتخاب میں ووٹ ڈالنا

اہل غیر ملکی شہریوں (Qualifying Foreign Citizens) کے اکثر پوچھے جانے والے سوالات

کیا میں مقامی حکومت کے 2022 کے انتخاب میں ووٹ ڈال سکتا ہوں؟

اگر آپ ویلز میں رہائش پذیر ایسے اہل غیر ملکی شہری ہیں جس کی عمر 16 سال یا اس سے زیادہ ہے تو آپ مقامی حکومت کے انتخاب میں ووٹ دے سکتے ہیں۔ اہل غیر ملکی سے مراد دوسرے ملک کا وہ شہری ہوتا ہے جسے یوکے میں داخل ہونے یا ٹھہرنے کی اجازت ہوتی ہے یا ایسی اجازت کی ضرورت ہی نہیں ہوتی۔

آپ مقامی انتخابی اندراج کی ٹیم سے رابطہ کر کے پوچھ سکتے ہیں کہ ووٹ دینے کے لیے اندراج کیسے کروانا ہے۔ electoralcommission.org.uk/i-am-a/voter/your-election-information پر اپنا پوسٹ کوڈ درج کر کے ان کی رابطہ معلومات حاصل کریں۔

مقامی حکومت کیا کرتی ہے؟

مقامی کونسلز (کبھی کبھار مقامی حکومت یا مقامی حکام کہا جاتا ہے) آپ کو ہر روز متاثر کرنے والے مقامی مسائل کے بارے میں فیصلے کرتی ہیں۔ کونسلز مقامی سروسز، بشمول سماجی رہائش، تعلیم، لائبریریوں، پارکس اور عوامی مقامات، سڑکوں اور فٹ پاتھس اور سماجی سروسز کی ذمہ داری ہوتی ہیں۔

مقامی کونسلرز کو آپ کی مقامی کونسل میں آپ کی نمائندگی کرنے کے لیے ہر چار سال بعد منتخب کیا جاتا ہے۔ آپ کی مقامی کونسل کے دائرہ اختیار میں آنے والے علاقے کو وارڈز نام کے چھوٹے علاقوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔ آپ کے وارڈ کی نمائندگی چار تک مقامی کونسلرز کر سکتے ہیں۔

آپ کے مقامی کونسلر کا کام مقامی سروسز پر خرچ ہونے والی رقم کا تخمینہ لگانا اور آپ کے علاقے کے لیے مستقبل کے منصوبے تیار کرنا ہو گا۔

میں ووٹ دینے کے لیے اندراج کیوں کراؤں؟

اگر آپ اپنے لیے اہم مسائل کے بارے میں آواز اٹھانا اور مقامی حکومت میں اپنی مرضی کے نمائندے کے بارے میں بتانا چاہتے ہیں تو آپ کو ووٹ دینے کے لیے اندراج کرانا ہو گا۔

میں ووٹ دینے کے لیے اندراج کیسے کراؤں؟

آپ آن لائن www.gov.uk/registertovote پر اندراج کرا سکتے ہیں۔ اس میں صرف پانچ منٹ لگیں گے اور اس کے لیے آپ کو صرف اپنے نیشنل انشورنس نمبر اور تاریخ پیدائش کی ضرورت ہو گی۔ 2022 کے مقامی حکومت کے انتخاب میں ووٹ ڈالنے کے لیے اندراج کرانے کی آخری تاریخ **14 اپریل 2022** ہے۔

آن لائن اندراج نہ کروا پانے کی صورت میں آپ ڈاک کے ذریعے بھی اندراج کروا سکتے ہیں۔ فارم https://www.gov.uk/government/collections/register-to-vote-paper-forms سے ڈاؤن لوڈ کریں۔

اگر آپ کے پاس نیشنل انشورنس نمبر نہیں ہے تو اندراج کی اپنی درخواست پر اس کے بارے میں بتائیں اور فارم جمع کروائیں۔ بعد ازاں آپ کا افسر برائے انتخابی اندراج (Electoral Registration Officer) آپ سے رابطہ کر کے اپنی شناخت کا دستاویزی ثبوت دینے کا کہے گا۔

کیا میرے لیے ووٹ دینا لازمی ہے؟

ویلز کے تمام انتخابات میں آپ کا ووٹ آپ کی ملکیت ہے۔ آپ ووٹ دینے یا نہ دینے اور اپنی پسند کے بندے کو ووٹ دینے کا فیصلہ کر سکتے ہیں۔ یہ غیر قانونی ہے کہ کوئی شخص آپ کو اپنی مرضی کے خلاف کسی خاص طریقے سے ووٹ دینے پر مجبور کرے۔

جب میں ووٹ دینے جاؤں گا تو کیا ہو گا؟

پولنگ اسٹیشن پہنچنے پر عملے کا ایک رکن آپ کا نام اور پتہ پوچھنے کے بعد آپ کو بیلٹ پیپرز دے گا۔ پھر آپ کو اپنا بیلٹ پیپر پُر کرنے کے لیے اسے پولنگ بوتھ میں لے جانے کی ہدایت کی جائے گی۔

بیلٹ پیپر

اس بیلٹ پیپر کے ذریعے اپنے وارڈ (اپنے مقامی علاقے) کی نمائندگی کرنے کے لیے کسی امیدوار کو ووٹ دیں۔ ووٹ دینے کے لیے ایک امیدوار کے نام کے سامنے موجود خانے میں (X) لگائیں۔ سب سے زیادہ ووٹ لینے والا امیدوار آپ کے وارڈ کا مقامی کونسلر بن جائے گا۔

Election of councillors to *[insert name of local authority]*	Ethol cynghorwyr i *[rhowch enw'r awdurdod lleol]*

Vote for **only one candidate** by putting a cross ☒ in the box next to your choice.

Pleidleisiwch ar gyfer **un ymgeisydd** yn unig trwy roi croes ☒ yn y blwch nesaf at eich dewis

BARBER, Ali 5 Anytown Close, Anytown, AT34 6CY **Pelican Party** **Parti Pelican**	☐
BOOTS, Dusty 63 Acacia Avenue, Anytown, AT33 5XZ **League of Line Dancers** **Cynghrair y Dawnswyr Llinell**	☐
CLOVER, Elizabeth Mary 9 Seymour Court, Anytown, AT12 E34 **Independent** **Annibynnol**	☐
GREY, Earl 2 Cedar Lane, Anytown, AT23 4YD **Mad Hatter's Tea Party**	☐
HOOD, Robin 64 Purple Road, Anytown, AT12 7HT **Plaid y Goedwig**	☐
MILLER, Windy 7 Daisy Drive, Anytown, AT98 7RK **Alternative Power Forum**	☐

میں کیسے فیصلہ کروں گا کہ کسے ووٹ دینا ہے؟

آپ کو اس امیدوار کا انتخاب کرنا چاہیے جو آپ کے خیال میں آپ کی بہترین نمائندگی کر سکتا ہے۔ وہ آپ کے خیالات کا اشتراک کر سکتا ہے یا ان مسائل کو ترجیح دے سکتا ہے جو آپ کے خیال میں اہم ہیں۔

ہر کونسل وارڈ میں انتخاب میں کھڑے امیدواروں کی فہرست عام طور پر انتخاب سے چند ہفتے پہلے کونسل کی ویب سائٹ پر دستیاب ہوتی ہے۔

مجھے کہاں جا کر ووٹ دینا ہو گا؟

آپ کے گھر کے ہر ووٹ دینے کے لیے مندرج بندے کو انتخابات سے پہلے پول کارڈ موصول ہو گا۔ آپ کا پول کارڈ بتاتا ہے کہ آپ کو ووٹ کہاں دینا ہو گا۔

کیا میرے ووٹ کو خفیہ رکھا جائے گا؟

جی ہاں۔ آپ کا ووٹ صرف آپ کی ملکیت ہے اور آپ کو کسی کو بتانے کی ضرورت نہیں ہو گی کہ آپ نے کیسے ووٹ دیا ہے۔ جب آپ بیلٹ باکس میں ووٹ ڈال دیں گے یا اسے ڈاک کے ذریعے واپس بھیج چکے ہوں گے تو تمام ووٹوں کی گنتی شروع ہونے تک اسے محفوظ اور سلامت رکھا جائے گا۔

گنتی کے وقت تمام بیلٹ پیپرز کو آپس میں ملا دیا جاتا ہے تاکہ کوئی بھی شخص شناخت نہ کر سکے کہ آپ نے کیسے ووٹ دیا ہے۔

میں کوویڈ 19 کے بارے میں پریشان ہوں۔ کیا خود جا کر ووٹ دینا خطرے سے خالی ہو گا؟

پولنگ اسٹیشنز ووٹ دینے کے لیے محفوظ جگہیں ہوں گی۔ پولنگ اسٹیشن پر محفوظ رہنے کے لیے صفائی ستھرائی اور فاصلہ بندی کے اقدامات کیے جا سکتے ہیں۔ ان اقدامات میں ہاتھ کا سینیٹائزر، فرش پر نشانات اور چہرے کے نقاب شامل ہو سکتے ہیں۔

اگر آپ ڈاک کے ذریعے ووٹ دینا پسند کریں گے یا چاہیں گے کہ کوئی اور آپ کی جگہ ووٹ دے تو پہلے آپ کو ووٹ دینے کے لیے اندراج کرانا ہو گا، کیونکہ اس کے بعد ہی آپ ڈاک یا کسی اور شخص کے ذریعے ووٹ دینے کی درخواست کر سکیں گے۔ اپنی درخواست پر عمل درآمد کے لیے اپنی انتخابی ٹیم کو کافی وقت دینے کے لیے جلدی درخواست دینا یقینی بنائیں۔ مزید معلومات کے لیے یا پھر ڈاک یا کسی اور بندے کے ذریعے ووٹ دینے کا درخواست فارم حاصل کرنے کے لیے www.electoralcommission.org.uk/i-am-a/voter پر جائیں یا 08003280280 پر ہماری ہیلپ لائن کو کال کریں۔

میں مزید معلومات کہاں دیکھ سکتا ہوں؟

آپ ووٹ دینے کے بارے میں مزید معلومات www.electoralcommission.org.uk/i-am-a/voter پر حاصل کر سکتے ہیں۔